© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

# نظرات

## بنگلہ دیش

(۳)

جنگ کے زمانہ میں اور اس کے بعد بھی کچھ دنوں تک فریقین کے جذبات جنگ کی نفسیات کے زیر اثر رہتے ہیں اس لئے امن اور صلح کی باتوں پر خاطر خواہ توجہ نہیں کی جاتی۔ لیکن اب جبکہ جنگ کو ختم ہوئے کافی دن گزر گئے ہیں۔ اس جنگ کے قومی اور بین الاقوامی اثرات ونتائج بھی سامنے آگئے ہیں۔ ضرورت ہے کہ ہندوستان اور پاکستان اور بنگلہ دیش تینوں سنجیدگی اور ٹھنڈے دل ودماغ سے اس جنگ نے جو صورتِ حال پیدا کردی ہے۔ اور اس صورتِ حال کا نتیجہ مستقبل میں کیا ہو سکتا ہے؟ ان تمام معاملات ومسائل پر غور وخوض کریں۔

اس جنگ کا ایک لازمی اور قطعی نتیجہ تو یہ ہے کہ بنگا دیش کے نام سے ایک آزاد مملکت عالم وجود میں آگئی۔ بہت سی اہم اور غیر اہم، بڑی اور چھوٹی حکومتوں نے اسے تسلیم کرلیا ہے اور اب تو مسلم ممالک نے بھی اسے تسلیم کرنا شروع کردیا ہے باقی حکومتیں بھی جلد یا بدیر تسلیم کرلیں گی۔ پاکستان میں طلباء اور مختلف پارٹیوں کا حکومت سے مطالبہ ہے کہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرلے۔ اور یہ پاکستان کو لازمی طور پر آج نہیں تو کل کرنا ہی ہے۔ کیوں کہ جب تک وہ بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کریگا اسیرانِ جنگ وغیرہ کے معاملے پر گفتگو نہیں ہو سکتی۔ اس بنا پر بنگلہ دیش کو ایک آزاد اور خود مختار مملکت تسلیم کرکے ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش تینوں کو غور کرنا چاہئے کہ جنگ نے جو معاملات ومسائل پیدا کردیئے ہیں ان کا حل اور آئندہ ان



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تینوں ملکوں کے باہمی تعلق کی نوعیت کیا ہونا چاہئے۔ جنگ نے جو مسائل پیدا کئے ہیں ان میں بڑے اور اہم مسائل یہی تین ہیں:۔

۱۔ اسیرانِ جنگ کا تبادلہ

۲۔ ملک کے حدود کی از سرِ نو تعیین و تشخیص۔

۳۔ بنگلہ دیش کے بہاری یعنی غیر بنگالی مسلمانوں اور پاکستان کے بنگالیوں کا معاملہ۔

اوّل الذکر دو معاملات ٹکنیکل ہیں۔ یعنی ایسے معاملات ہیں جن پر ہر جنگ کے بعد فریقین گفتگو کرتے ہیں اور اس کے لیے بین الاقوامی قواعد و ضوابط ہیں۔ ان کی روشنی میں اس قسم کے مسائل کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔ اس لئے ان کا بھی فیصلہ ہو ہی جائے گا۔

اب سب سے اہم مسئلہ بہاری مسلمانوں کا ہے جو ہندوستان اور پاکستان کے ہزاروں بلکہ لاکھوں گھرانوں کے لئے اضطراب و تشویش کا باعث بنا ہوا ہے۔ اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ ان بہاری مسلمانوں میں ایک خاصی تعداد ان لوگوں کی بھی ہوگی جنہوں نے دو قومی نظریے کی بنیاد پر ملک کی تقسیم کو معقول اور صحیح تسلیم نہیں کیا تھا۔ لیکن اس کے باوجود کچھ اقتصادی و معاشی توقعات اور کچھ خانگی اور خاندانی حالات کے باعث انھوں نے وطن عزیز کو خیر آباد کہا اور وہاں جا بسے۔ لیکن گفتگو کو مختصر کرنے کے لئے فرض کیجیے کہ یہ سب نظریۂ پاکستان کے ہی حامی تھے اور اس لئے وہ بنگلہ دیش کے حامی نہیں تھے۔ لیکن ہر تحریک میں ہوتا یہی ہے کہ جب وہ شروع ہوتی ہے تو کچھ لوگ اس کے موافق ہو جاتے ہیں اور کچھ مخالف اور پھر ان دونوں طبقوں میں بھی لوگ دو قسم کے ہوتے ہیں ایک وہ جو بڑے فعال اور سرگرم و پرجوش ہوتے ہیں اور دوسرے وہ جو محض فکر و خیال کے اعتبار سے تحریک کے موید یا اس کے مخالف ہوتے ہیں۔ عملاً ان کا اس سے کچھ زیادہ یا مطلق کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ لیکن تحریک اپنے اختتام کو پہنچکر جب کامیاب یا ناکام ہو جاتی ہے تو کہنے کے لئے اس کا انتساب پوری قوم سے ہوتا ہے۔ چنانچہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کانگریس کی تحریک آزادی اور مسلم لیگ کی تحریک پاکستان کے ساتھ بھی یہی معاملہ پیش آیا۔ اور ہم کو یقین ہے کہ خود بنگلہ دیش میں بھی کم تعداد میں سہی۔ ایسے بنگالی ضرور موجود ہوں گے جو پاکستان کی سالمیت کے قائل اور اس کے حامی ہوں گے۔ لیکن جب تحریک کامیاب ہو جاتی ہے تو مخالف بھی ——— اگر تحریک کی معقولیت کے پھر بھی قائل نہ ہوں تب بھی ——— اس کے ساتھ موافقت پیدا کر لیتے ہیں۔ اس موقع پر شرافت و انسانیت اور خود ملک کے مفاد کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ جن لوگوں نے اس ملک میں اس کی وفاداری کے ساتھ رہنا منظور کر لیا ہے ان کو شہریت کا حق دیا جائے اور محض اس بنا پر ان کے ساتھ امتیاز نہ برتا جائے کہ تحریک کی کامیابی سے قبل ان کا شمار مخالفین کے گروہ میں ہوتا تھا۔ یہ تو صرف ایک تحریک کی موافقت اور مخالفت کی بات تھی۔ تاریخ میں تو سینکڑوں مثالیں اس امر کی موجود ہیں کہ دو قوموں میں نہایت شدید اور بھیانک جنگ ہوتی ہے۔ دونوں طرف کشتوں کے پشتے لگ جاتے ہیں۔ لیکن جب ایک قوم فاتح ہو جاتی ہے تو وہ مفتوح قوم کے پسماندہ افراد کو نہ قتل کرتی ہے نہ ان کے املاک ضبط کرتی ہے اور نہ ان کو جلا وطن ہونے پر مجبور کرتی ہے۔ اس کے برعکس فاتح اور مفتوح دونوں قوموں کے افراد مل جل کر ملک کا کاروبار چلاتے ہیں۔ اس قسم کے مواقع پر فاتح قوم کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ مفتوح کے ساتھ سیر چشمی اور فیاضی کا معاملہ کر کے اس کا اعتماد زیادہ سے زیادہ حاصل کرلے اور دوسری جانب مفتوح قوم کے افراد و اشخاص اس بات کی سعی کرتے ہیں کہ وہ اپنی کارگزاری اور حسن خدمات کے ذریعہ فاتح کے دل میں گھر پیدا کریں اور اس کے دماغ سے ماضی کے نقوش حرفِ غلط کی طرح مٹا دیں۔ کہتے ہیں کہ زمانہ بہت بدل گیا ہے اور سیاسی افکار و نظریاتِ نو نے عالم کو ہی دِگرگوں کر دیا ہے۔ جی ہاں بالکل بجا ارشاد ہوا۔ لیکن یاد رکھنا چاہیئے کہ انسان کی نفسیات اور اس کے جذبات واحساسات



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے محرکات کبھی تبدیل نہیں ہو سکتے۔ وہ آج بھی وہی ہیں جو پہلے تھے۔ اگر کل حسن سلوک اور شرافت وانسانیت کے اعلیٰ مظاہر کے باعث دشمن بھی دوست بن سکتے تھے تو آج بھی بن سکتے ہیں۔

اس ایک عام اخلاقی اصول اور تاریخی تعامل کو پیش نظر رکھ کر معاملہ زیر بحث پر غور کیجئے تو دو چیزیں صاف نظر آئیں گی۔

(۱) ایک یہ کہ دو قومی نظریہ جس کی بنیاد پر تقسیم ہوئی تھی، بنگلہ دیش کے نام سے ایک آزاد و مختار اور سیکولر جمہوریہ بننے کے بعد بالکل ختم ہو گیا اور اس کی کوئی حقیقت اور حیثیت کم از کم موجودہ زمانہ میں عملی طور پر باقی نہیں رہ گئی ہے اور اس لئے آج ہم آپس کے علائق وروابط کے اعتبار سے پچیس برس کے بعد پھر اسی مخلوط سوسائٹی میں پہنچ گئے ہیں جو تقسیم سے قبل پورے غیر منقسم ہندوستان میں موجود تھی۔ بیشک آج غیر منقسم ہندوستان تین مستقل اور آزاد ملکوں پر منقسم ہے۔ لیکن سیاسی تقسیم کے یہ معنی تو ہرگز نہیں ہوتے کہ سوسائٹی بھی تقسیم ہو گئی۔ برلن کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ لیکن جرمن قوم جس سوسائٹی کا نام ہے۔ کیا اس کے بھی دو ٹکڑے ہو گئے۔

(۲) دوسری چیز یہ ہے کہ جہاں تک ہماری مسلمانوں کا تعلق ہے۔ یہ امر صاف ظاہر ہے کہ ان کا تعلق تینوں ملکوں سے ہے۔ کیونکہ وہ ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ پاکستان میں جا کر آباد ہوئے اور اب بنگلہ دیش میں برسہا برس سے رہ رہے تھے۔ بلکہ ان میں ایک خاصی تعداد ایسے لوگوں کی بھی ہو گی جو وہاں تقسیم سے پہلے سے رہ رہے تھے یہ جو کچھ عرض کیا گیا اس کی روشنی میں صحیح طریق عمل تو یہ تھا کہ ہندوستان بنگلہ دیش اور پاکستان تینوں باہمی گفتگو کے بعد اس بات کو تسلیم کر لیتے کہ بہاری مسلمان اور اسی طرح پاکستان کے بنگالی۔ ان کو اختیار ہے کہ جس کسی ملک میں بھی آباد ہونا چاہیں آباد ہو سکتے ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لیکن۔ ظاہر ہے یہ سب کچھ اسی وقت ممکن اور لائق عمل ہو سکتا ہے جب کہ تینوں ملکوں میں اتحاد، دوستی اور ایک دوسرے کے ساتھ خیر سگالی کے جذبات ہوں اور وہ "بھول جاؤ اور معاف کردو" کی پالیسی پر عمل کرنے کے لئے آمادہ ہوں ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ باہمی گفتگو کے لئے ہندوستان کی طرف سے غیر مشروط گفتگو کی جو پیش کش ہوئی ہے اگرچہ صدر بھٹو نے اس کا خیر مقدم کیا۔ اور خوشی کا اظہار کیا ہے لیکن اس سلسلہ میں اب تک انھوں نے کوئی اقدام نہیں کیا۔ حالانکہ جنگ نے جو نازک مسائل پیدا کر دیئے ہیں ان کا بلا واسطہ اور براہ راست تعلق پاکستان سے ہی ہے اور ان کے حل نہ ہونے کے باعث پاکستان میں عام بے چینی اور اضطراب بھی ہے جو بالکل طبعی اور قدرتی ہے۔ صدر بھٹو بار بار کہہ تو یہی رہے ہیں کہ وہ ہندوستان سے دوستی اور امن چاہتے ہیں۔ لیکن اب تک ان کا بنگلہ دیش کو تسلیم نہ کرنا اور ہندوستان کی طرف سے گفتگو کی پیش کش کے جواب میں یہ کہنا کہ صدر امریکہ کے چین سے رخصت ہو جانے کے بعد وہ اس کا جواب دیں گے۔ صدر امریکہ رخصت ہو گئے مگر اس کے بعد بھی ان کا خاموش رہنا نکسن اور چو۔ این۔ لائی مشترکہ منشور میں چین کا کشمیر سے متعلق جنگ جویانہ اعلان کرنا اور پھر صدر بھٹو کا پاکستان کی افواج کی از سر نو تنظیم کرنا یہ سب ہند و پاک تعلقات کے لئے فال نیک نہیں ہیں اور ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ صدر بھٹو کا دماغ اس معاملہ میں اب تک صاف نہیں ہے۔ چنانچہ فضا میں پھر جنگ کے احساس کا دھواں پھیلتا ہوا نظر آنے لگا ہے۔ عربی کا مشہور مقولہ ہے پوچھنا ہے تو تجربہ کار سے پوچھو نہ کہ مرد دانا سے۔ پھر اس شخص کی بدنصیبی کو کیا کہئے جو بار بار کے تجربے کے بعد بھی ہوش میں نہیں آتا اور جو ایک بدنصیبی کے بعد دوسری بدنصیبی کو دعوت دینے میں جھجک محسوس نہیں کرتا۔ سمجھ میں نہیں آتا آخر صدر پاکستان کی عقل میں یہ بات کیوں نہیں آتی کہ جنگ سے کسی معاملہ کا حل پہلے زمانہ میں ممکن ہو گا لیکن



© rasailojaraid.com